# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء-21ء


| | | |
|---|---|---|
| جماعت۔ ہفتم | مضمون۔ اُردو لازمی | کتاب کا نام۔ سورج مکھی |
| سبق کا نام۔ معذور بچہ دنیا کا سب سے بڑا موجد بنا | صفحہ نمبر۔ 48 تا 51 | پہلی سہ ماہی |

**نوٹ:** سبق کی اچھی طرح پڑھائی کریں اور اس کا مرکزی خیال سمجھنے کی پوری کوشش کریں کیونکہ اس میں ایک بہت بڑا سبق ہے۔

## مشقی سوالات کا حل

### 1۔ مشق میں ذخیرہ الفاظ دیئے گئے ہیں ان کے معانی اور جملے درج ذیل ہیں:

| الفاظ | معانی | جملے |
|---|---|---|
| مستری | کسی پیشہ کا کاریگر | مستری نے میری گاڑی کی مرمت کی۔ |
| بے ڈھنگا | ناموزوں، بد نما | احمد نے عمارت کا بے ڈھنگا نقشہ بنایا۔ |
| خداداد | خدا کی دی ہوئی | آمنہ خداداد صلاحیتوں کی مالک ہے۔ |
| استقلال | ثابت قدمی | معذوری کے باوجود ایڈیسن کی ہمت اور استقلال میں کوئی فرق نہیں آیا۔ |
| متحرک | حرکت میں | دن کے وقت کارخانے میں مشینیں متحرک رہتی ہیں۔ |



### 2۔ مختصر سوالات کے جوابات لکھیے۔

1۔ ایڈیسن کب اور کہاں پیدا ہوا؟

جواب: ایڈیسن 11 فروری 1847ء کو میلان میں پیدا ہوا۔ یہ امریکہ کے ایک صوبے کا چھوٹا سا قصبہ ہے۔

2۔ایڈیسن نے کہاں سے تعلیم حاصل کی؟

جواب:غربت کی وجہ سے ایڈیسن کسی سکول میں داخل نہ ہوا۔اس نے بری بھلی تعلیم گھر پر ہی حاصل کی۔



3۔ایڈیسن کی سب سے بڑی ایجاد کیا ہے؟

جواب:ایڈیسن کی سب سے بڑی ایجاد بجلی کا بلب ہے۔

4۔ایڈیسن نے پہلی جنگ عظیم میں اپنے ملک کو کیسے فائدہ پہنچایا؟

جواب:1914ءمیں پہلی جنگ عظیم چھڑی تو ایڈیسن کی عمر 67سال تھی۔اس عمر میں بھی اس نے اپنے ملک کی فوج کے لیے 40چیزیں ایجاد کیں جن سے جنگ میں بہت فائدہ ہوا۔



5۔ایڈیسن کی تاریخ وفات کے وقت اس کی عمر کیا تھی؟

جواب:18اکتوبر1921ءکو84برس کی عمر میں ایڈیسن دنیا سے رخصت ہوا۔

## گھر کا کام

ایڈیسن نے کتنی ایجادات کیں؟اس مضمون میں مذکورہ ایجادات کی فہرست بنائیے۔

کیاانسان کو اپنی معذوری کو معذوری سمجھنا چاہیے؟ایڈیسن کی مثال دیکھتے ہوئے اپنی رائے لکھیں۔

# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء-21ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت۔ ہفتم | مضمون۔ اُردو لازمی | کتاب کا نام۔ سورج مکھی |
| سبق کا نام۔ معذور بچہ دنیا کا سب سے بڑا موجد بنا | صفحہ نمبر۔ 48 تا 51 | پہلی سہ ماہی |

## متفرق سرگرمیاں



### سرگرمی نمبر 1

**درج ذیل الفاظ کے توڑ لکھیے۔**

ایجادات ________________________

ہینڈل ________________________

منڈیوں ________________________

جنگِ عظیم ________________________

تصویریں ________________________

### سرگرمی نمبر 2

**کالم الف کو کالم ب سے ملائیے۔**

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| تاریخ وفات | پہلی جنگ عظیم |
| معذور بچہ | رحمت |
| بجلی کا بلب | 18 اکتوبر 1921ء |
| بہرہ پن | سب سے بڑی ایجاد |
| 1914ء | 11 فروری 1947ء |
| | بڑا موجد |
| | بیماری |

## سرگرمی نمبر 3



ایڈیسن کی کون سی خوبی آپ اپنے اندر پیدا کرنا چاہیں گے؟

اپنے جواب کی دو وجوہات لکھیں۔

# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء-21

| | | |
|---|---|---|
| جماعت۔ ہفتم | مضمون۔ اُردو لازمی | کتاب کا نام۔ سورج مکھی |
| سبق کا نام۔ ابتدائی طبی امداد | صفحہ نمبر۔ 58 تا 60 | پہلی سہ ماہی |

**نوٹ: سبق "ابتدائی طبّی امداد" کی پڑھائی کریں اور اس کے ہر پہلو پر غور کریں کیونکہ اس سبق کو سمجھنا ہماری روزمرہ زندگی کے لیے بے حد کارآمد ہے۔**



### مشق

**سوالات کے جوابات درج ذیل ہیں:**

1۔ کسی حادثے کی صورت میں سب سے پہلے کیا کرنا ضروری ہے؟

جواب: کسی بھی حادثے کی صورت میں اپنے آپ کو پُرسکون رکھیے اس طرح آپ اپنی اور دوسروں کی مدد بہتر طور پر کر پائیں گے۔ جائے حادثہ پر زیادہ رش ہونے کی وجہ سے زخمیوں کا دم گھٹ سکتا ہے اور حالت مزید بگڑ سکتی ہے۔



2۔ خون بہنے والی چوٹ میں کیا کرنا چاہیے؟

جواب: خون بہنے کی صورت میں سب سے پہلے خون روکنے کی کوشش کریں۔

چھوٹی چوٹ کو ہاتھ سے دبا کر خون روکیں اور پھر پٹی باندھیں۔ بڑی چوٹ پر روئی رکھ کر خون بہنے کی جگہ باندھیں۔

3۔ ہڈی ٹوٹنے کی صورت میں کیا کرنا چاہیے؟

جواب: ہڈی ٹوٹنے کی صورت میں نہایت آرام سے جسم کے اُس حصے کو سیدھا کریں اور اوپر سے نیچے تک لکڑی کی ٹیک دے کر پٹی باندھ دیں۔ کوشش کریں ٹوٹا ہوا حصہ سیدھا کر کے باندھیں۔








حادثات ہونے سے پہلے بچاؤ ضروری ہے حادثات سے کیسے بچا جا سکتا ہے کم از کم پانچ احتیاطی تدابیر لکھیے۔

اس مضمون میں سے چھ واحد الفاظ تلاش کر کے ان کی جمع بنایئے۔

# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء-21ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت۔ ہفتم | مضمون۔ اُردو لازمی | کتاب کا نام۔ سورج مکھی |
| سبق کا نام۔ ابتدائی طبی امداد | صفحہ نمبر۔ 58 تا 60 | پہلی سہ ماہی |

## متفرق سرگرمیاں

### سرگرمی نمبر 1

الفاظ کے متضاد لکھیے۔

| الفاظ | متضاد | الفاظ | متضاد |
|---|---|---|---|
| گمنام | | اعلانیہ | |
| اعلیٰ | | خاص | |
| ظالم | | | |



### سرگرمی نمبر 2

درج ذیل لاحقوں سے تین تین نئے الفاظ بنائیے۔


خانہ ______ ______ ______

مند ______ ______ ______

یاب ______ ______ ______

## سرگرمی نمبر 3





کسی حادثے کا مختصر حال لکھیے۔